سُرخاب

# صوتی اُردو

شروع کی آواز کی سرگرمیاں



ابتدائی

۳ سال کے لیے

# انسان کی مختلف آوازیں





ہدایات: بچوں کو دی گئی مختلف آوازیں متعارف کروائیں۔ خود آوازیں نکال کر دکھائیں۔ بچوں سے بھی آوازیں نکلوائیں۔


# بوجھو تو جانیں

حرف کو درست تصاویر سے ملائیے۔










آ










SAMPLE



ہدایات: ''بوجھو تو جانیں کی سرگرمیاں کروائیں''۔ حرف کو تصویر کی شروع کی آواز سے ملوائیں۔ غلط تصاویر پر x کا نشان لگوائیں۔

ذخیرہ الفاظ: آنکھ، آلو، آگ، آم، آری

# بوجھوتو جانیں



حرف کو درست تصاویر سے ملائیے۔



ا



SAMPLE


**ہدایات:** ''بوجھوتو جانیں کی سرگرمیاں کروائیں''۔حرف کو تصویر کی شروع کی آواز سے ملوائیں۔غلط تصاویر پر x کا نشان لگوائیں۔

**ذخیرہ الفاظ:** انار،انناس،انڈے،الماری،انگور

# بوجھو تو جانیں

حرف کو درست تصاویر سے ملائیے۔











ڈ












SAMPLE

ہدایات: ''بوجھو تو جانیں کی سرگرمیاں کروائیں''۔حرف کو تصویر کی شروع کی آواز سے ملوائیں۔غلط تصاویر پر x کا نشان لگوائیں۔

ذخیرہ الفاظ: ٹوکری،ٹوپی،ٹماٹر،ٹیلی فون،ٹرک

# درست تصاویر پر دائرہ لگائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| س |  |  |  |
| ش |  |  |  |
| ع |  |  |  |
| غ |  |  |  |

ہدایات: حروف کی آواز کا اعادہ کروائیں۔حرف کی آواز کے مطابق درست تصاویر پر دائرہ لگوائیں۔غلط پر x کا نشان لگوائیں۔

SAMPLE

## طریقہ تدریس

صوتی اُردو ابتدائی میں حروف کی شروع کی آواز کی سرگرمیاں ہیں۔ اس کتاب میں صرف اُن حروف کی سرگرمیاں ہیں جن سے زیادہ الفاظ بنتے ہیں جو یہ ہیں: آ، ا، ب، پ، ت، ٹ، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ، ر، ز، س، ش، ع، غ، ف، ق، ک، گ، ل، م، ن، و، ہ، ی، ے۔
جن حروف کی سرگرمیاں موجود نہیں ہیں وہ یہ ہیں: ث، ذ، ڑ، ژ، ص، ض، ط، ظ۔ ان حروف کے ہم آواز ہونے کی وجہ سے بچے صحیح طور پر سمجھ نہیں پاتے، اوران سے بننے والے الفاظ بھی بہت کم ہیں جس سے سرگرمی بنانا ناممکن ہے۔ یادر ہے اس کتاب کی سرگرمیوں سے پہلے سرخاب بصری اُردو کا متعلقہ صفحہ لازماً پڑھوائیں۔

## ''بوجھو تو جانیں'' کی سرگرمی

۱۔ سب سے پہلے بچوں کو اپنے قریب دائرہ میں بٹھائیں۔
۲۔ بچوں کو اپنی طرف متوجہ کریں اور کہیں ''آج میں آپ سے ایک پہیلی پوچھوں گی جس میں آپ نے چیزوں کے نام بتانے ہیں۔''
۳۔ کتاب کو بائیں ہاتھ میں تھامیں جو صفحہ پڑھانا ہے وہ بچوں کو دکھائیں۔
۴۔ بچوں کو حرف کی چھوٹی شکل دکھائیں اور اُس کی آواز بتائیں جیسے یہ بْ (آواز) ہے۔ پھر اس کو تین بار دہرائیں۔
۵۔ جماعت میں موجود کسی ایک بچہ کا نام لے کر پوچھیں اور بوجھو تو جانیں کی سرگرمی کے اشعار یوں پڑھیں۔

بوجھو تو جانیں　　　　ہم تم کو مانیں
اس صفحے پر ہے اک چیز ایسی　　　　جس کی شروع کی آواز ہے بْ جیسی

۶۔ وہ بچہ اپنی مرضی سے کسی بھی ایک چیز کا نام بتائے گا صحیح جواب پر اُس کی حوصلہ افزائی کریں۔ شاباشی دیں۔ غلط جواب پر وہی سوال کسی اور بچے سے پوچھیں، جو صحیح جواب دے اس کے جواب کو تین بار دہرائیں۔ اب جس بچے نے غلط جواب دیا تھا اُس سے دوبارہ سوال پوچھیں۔ یوں بچے کی غیر محسوس طریقے سے اصلاح ہو جائے گی۔ اسی طرح سارے بچوں سے ان کا نام لے کر سوال پوچھیں۔
۷۔ آخر میں ہر لفظ کو شروع کی آواز کے ساتھ بتایئے۔

بْ　بلی،　بْ　بندر،　بْ　بس،　بْ　بادل،　بْ　بینگن

۸۔ بچوں سے کہیں۔'' بْ کے حرف کو صحیح لفظ کے ساتھ پینسل سے ملایئے۔''
۹۔ بچوں سے کہیں ''ہر غلط لفظ پر x کا نشان لگائیں''۔
۱۰۔ آخر میں کتاب کے علاوہ کمرہ جماعت میں موجود کھلونوں اور تصاویر یا باغ میں موجود اشیاء میں سے الفاظ تلاش کروائیں۔
نوٹ:　　ہر حرف اسی طرح پڑھائیں۔

SAMPLE

سُرخاب

# صوتی اُردو

صوتی 'صوت' سے اخذ کیا گیا ہے۔ 'صوت' کے معنی آواز کے ہیں۔ صوتی اُردو حروف کی آوازوں کے تعارف اور ان سے بننے والے الفاظ کی سرگرمیوں کی کتاب ہے۔ صوتی اُردو صوتیات (Phonics) کے طریقہ تدریس پر مبنی ہے۔ دنیا کی تقریباً نصف آبادی عربی، انگریزی اور اُردو زبان بولتی ہے۔ تحقیق سے ثابت ہے کہ ان زبانوں کو سکھانے کا بہترین طریقہ صوتیات ہے۔ صوتیات کے ذریعے سے بچہ الفاظ سازی تیزی سے سیکھتا ہے اور تلفظ بہتر بنا تا ہے۔ بہتر تلفظ موثر تفہیم کا باعث بنتا ہے۔

صوتی اُردو کی تین کتابیں ہیں: صوتی اُردو ابتدائی میں حروف کی شروع کی آوازوں کی سرگرمیاں ہیں۔ صوتی اُردو بنیاد اوّل میں حروف کی شروع اور آخر کی آوازوں کی سرگرمیوں کے ساتھ بنیادی الفاظ سازی ہے۔ صوتی اُردو بنیاد دوم میں دو، تین اور چار حرفی الفاظ سازی کے ساتھ بھاری آوازوں اور 'ء' کا استعمال سکھایا گیا ہے۔ ان کتابوں کے ساتھ حروف کے تعارف اور ذخیرہ الفاظ کے لیے 'بصری اردو' اور لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' کی کتب پڑھائی جاتی ہیں۔

سُرخاب — بصری اُردو

سُرخاب — قلمی اُردو

سُرخاب — صوتی اُردو

طفلی

SAMPLE